# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**
**Date : 20 August 2026**
**Time : 07:40 PM**

**Opening**

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں مبشر رفاعی
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈلائنز

✓ ١ ----- ترقی کے لحاظ سے سرحدی دیہات ملک کے آخری نہیں بلکہ صفِ اول کے علاقے / لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا

✓ ٢ ----- وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کا راجباغ سرینگر میں 'گندن' سپورٹس کمپلیکس کا دورہ // آلوچی باغ میں قریب 26 کروڑ روپے کی لاگت سے جدید ترین ذبح خانے کا سنگِ بنیاد۔

✓ ٣ ----- وزیر زراعت نے زرعی سرگرمیوں کیلئے جدید اور سائنسی طور طریقے اختیار کرنے پر دیا زور۔

اور

✓ ۴ ----- چیف سیکریٹری نے مختلف محکموں کے کام کاج میں جاری اصلاحات میں سرعت لانے کی ضرورت کی اجاگر۔

ایل جی کٹھوعہ

لیفٹیننٹ گورنر موج سنہا نے کہا ہے کہ سرحدی دیہات ملک کے آخری گاؤں نہیں ہیں بلکہ قوم کی شناخت اور ترقی کے لحاظ سے صف اول کے علاقے ہیں ۔جموں صوبے کے کٹھوعہ ضلعے میں کرول کرشنا می سرحدی گاؤں کے دورے کے دوران وہاں ایک عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ بھارت کی ترقی کو رقم کرنے میں کرول کرشنا جیسے گاؤں کی کہانیاں باب اول میں شامل کی جانی چاہئیں ۔انہوں نے ضلعے کے باشندوں کو یقینی دلایا کہ ان کے مطالبات پر فوری کاروائی کی جائے گی ۔

------LG---------

یہ بات قابل ذکر ہے کہ کرول کرشنا کو وائبرنٹ ولیج پروگرام کے دوسرے مرحلے کے دارے میں لایا گیا ہے ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج راج باغ سرینگر میں جموں وکشمیر سپورٹس کونسل کے گِندُن سپورٹس کمپلیکس کا دورہ کرکے وہاں نوتعمیر شدہ سویمنگ پول اور کھیل کی دیگر سہولیات کا جائزہ لیا۔اس موقعے پر متعلقہ حکام نے نوجوانوں کیلئے کھیل کود کا بنیادی ڈھانچہ اور اُن کی تفریح کیلئے جاری اقدامات کے بارے میں وزیر اعلیٰ کو تفصیلی جانکاری دی ۔عمر عبداللہ کو راج باغ میں مجوزہ فلائی اُوَر کی نسبت سے بھی جانکاری دی گئی ۔

عمر عبداللہ

دریں اثناوزیر اعلیٰ نے آج آلوچی باغ سرینگر میں اپنی نوعیت کے پہلے اور جدید ترین ذبح خانے کی عمارت کا سنگ بنیاد رکھا۔جدید سہولیات سے لیس اس پروجیکٹ پر 25 کروڑ 87 لاکھ روپے کی رقم خرچ کی جارہی ہے ۔ اس موقعہ پر وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور ایم ایل اے لالچوک احسان پردیسی بھی موجود تھے ۔

وزیرداخلہ:

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی سربراہی والی مرکزی کابینہ نے لداخ میں جموں کشمیر ہائی کورٹ کے ایک بنچ کے قیام کا فیصلہ کیا ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر داخلہ نے کہا ہے کہ اس قدم سے لداخ کے لوگوں کی انصاف اور عدلیہ تک رسائی مزید آسان بنے گی۔انہوں نے مزید کہا ہے کہ سرکار لداخ کی مجموعی ترقی اور اس خطے کے لوگوں کے آئینی حقوق کو تحفظ فراہم کرنے کی وعدہ بند ہے۔

سکینہ ایتو

سماجی بہبود ،صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج ضلع کولگام کے ژالہ باری سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کرکے وہاں کسانوں سے باغات کو پہنچے نقصان کا برسرموقع جائزہ لیا۔ انہوں نے خاص طور پر ہرویتھ، نیہامہ، سامنو،گوپالپورہ، لکھڑی پورہ، ٹینگام، باتھی پورہ اور چوگلپورہ علاقوں میں متاثرہ کسانوں سے بات چیت کی۔ وزیرموصوفہ نے پی ایچ سی نیہامہ میں طبی نگہداشت کے کچھ سہولیات کا افتتاح کرنے کے علاوہ بالغ العمرلڑکیوں میں **Dignity** کِٹس تقسیم کئے۔

جاویدڈار

محکمہ زرعی پیداوار، دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے وزیر جاوید احمد ڈار نے دیرپا زرعی سرگرمیوں کیلئے جدید اور سائنسی طورطریقوں کو اختیار کرنے پر زور دیا ہے۔

وہ آج سینٹرل انسٹی چیوٹ آف ٹیمپریٹ ہارٹیکلچر رنگریٹ سرینگر سے **250** کسانوں کے ایک گروپ کو ایک روزہ تربیتی پروگرام کیلئے روانہ کرنے کے موقعے پر اظہار خیال کررہے تھے۔ان کسانوں نے کسان ایڈوائزری بورڈ جموں وکشمیر کی طرف سے منعقد کردہ ایک تربیتی پروگرام میں شرکت کرکے نت نئی زرعی سرگرمیوں کے بارے میں جدیدترین جانکاری حاصل کی۔اس موقعے پر ایم ایل اے لاچوک شیخ احسان احمد پردیسی بھی موجود تھے۔

جاویدرانا

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں واٹر سپلائی سکیموں کو مزید مستحکم بنانا موجودہ سرکار کی ترجیحات میں شامل ہے۔اس بات کا اظہار انہوں نے آج جموں میں سدرا گجربستی اور اَپر ٹھاٹھر میں واٹر سپلائی سکیموں کو وسعت دینے کے ایک پروجیکٹ کا سنگ بنیاد رکھنے کے موقعے پر

کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان پروجیکٹوں کی تکمیل سے مقامی لوگوں کو پینے کے پانی کی فراہمی میں بہتر سہولیات دستیاب رہیں گی۔ اس موقعہ پر جموں نارتھ کے ایم ایل اے شام لعل شرما اور جموں ایسٹ کے ایم ایل اے یدویر سیٹھی بھی موجود تھے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے ریکروٹمنٹ رولز کو حتمی شکل دینے ،مختلف محکموں میں کام کر رہے ملٹی ٹاسکنگ سٹاف کے معاملات کو حل کرنے اور **BOPEE** نیز گورنمنٹ پریس کے کام کاج میں مزید بہتری لانے کی ہدایت دی ہے۔ انہوں نے آج سرینگر میں اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کے دوران **ARI** اینڈ ٹریننگس محکمہ کی مجموعی کارگزاری کا جائزہ لیا۔مختلف محکموں کے کام میں جاری اصلاحات میں سرعت لانے پر زور دیتے ہوئے چیف سیکریٹری نے آن لائن **DPC** پورٹل کو وقتِ مقررہ کے اندر کارگر بنانے کی ہدایت دی۔میٹنگ کے دوران دیگر کئی انتظامی معاملات کا بھی جائزہ لیا گیا۔

اننت ناگ

اننت ناگ ضلع انتظامیہ نے ضلعے میں ٹی بی مکت بھارت ابھیان کی موثر عمل آوری کیلئے بلاک سطح کی مانیٹرنگ کمیٹیوں کو کارکرگر بنانے کیلئے دستور تشکیل دینے کو منظوری دی ہے۔ یہ منظوری آج ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ کی صدارت میں منعقد ایک میٹنگ کے دوران دی گئی۔ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر نے متعلق محکموں کے مابین قریبی تال کی ضرورت پر زور دیا۔

بی جے پی

جموں سے مختلف حصوں سے تعلق رکھنے والے ویلیج دفاعی محافظوں کے ایک وفد نے آج پارٹی ہیڈکوارٹر جموں میں پردیش بی جے پی صدر ست شرما سے ملاقات کرکے ان کی نوٹس میں اپنے کئی معاملات لائے۔

اسی دوران پردیش بی جے پی کی صدارت میں پارٹی لیڈروں کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی، جس دوران بی جے پی موجودہ تنظیمی سرگرمیوں اور مستقبل کے عوامی رابطہ کاری اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔

دریں اثناء پردیش بی جے پی مہیلا مورچے کی سٹیٹ صدر نیہا مہاجن نے آج ضلع کٹھوعہ کا دورہ کرکے

وہاں پارٹی کی رابطہ کاری مہم کو آگے بڑھایا۔

این سی
نیشنل کانفرنس نے کہا ہے کہ دفعہ **370** اور **35-A** کی بحالی پارٹی کے ایجنڈے میں سرفہرست ہے اور یہ جماعت اس جدوجہد سے کبھی بھی دستبردار نہیں ہوگی۔ان باتوں کا اظہار پارٹی کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے سرینگر میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ نیشنل کانفرنس نے اپنے انتخابی منشور میں ان دونوں دفعات کی بحالی کیلئے جدوجہد جاری رکھنے کا جو وعدہ کیاہے، وہ اس پر برابر قائم ہے۔ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے سماج میں بڑھتی ہوئی سماجی برائیوں اور بدعات پرتشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ رسومات بد،فضول اخراجات اور منشیات کے استعمال کا قلع قمع کرنا ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔

ساگر
نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹر اور ایم ایل اے خانیار علی محمد ساگر نے آج حضرت سید رحمان صاحبؒ برین نشاط کی زیارتگاہ پر بنیادی ڈھانچے کے کاموں کیلئے ایک کروڑ **38** لاکھ روپے اور حضرت سید میرک شاہ صاحب کاشانیؒ کی زیارت پر ترقیاتی وتجدیدی کاموں کیلئے ایک کروڑ روپے دینے کا اعلان کیا۔انہوں نے ساتھ ہی برین سے حضرتبل اور پھر بٹہ مالو تک سمارٹ بس سروس کا بھی افتتاح کیا۔

حادثہ
گاندربل ضلعے کے کنگن اکہال علاقے میں آج ایک سڑک حادثے میں ایک خاتون جاں بحق ہوگئی۔ بتایا جاتا ہے کہ یہ حادثہ ایک ٹاٹا موبائیل گاڑی اور ایک سکارپیو کے بیچ ٹکر ہونے کے نتیجے میں پیش آیا۔حادثے میں جاں بحق ہوئی خاتون کی شناخت نسیمہ بیگم ساکن اکہال کے بطور ہوئی ہے۔ پولیس نے حادثے کی نسبت سے ایک معاملہ درج کرلیا ہے۔

جموں
جموں ضلعے کے کھیری گاؤں میں زمین دھنس جانے کے ایک واقعے میں قریب **12** مکانوں کو نقصان پہنچا ہے۔معلوم ہوا ہے کہ **2** مکان بُری طرح سے نقصان زدہ ہوگئے ہیں جبکہ نزدیکی زرعی

کھیتوں اور ایک سڑک کو بھی شدید نقصان پہنچا ہے ۔ پولیس اور مال محکمے کی ٹیموں نے موقعے پر جا کر صورتحال کا جائزہ لیا۔جموں شہر سے 12 کلومیٹر کی دوری پر واقع کھیری اور بنتلاب کے ملحقہ علاقوں میں پچھلے کئی روز سے زمین دھنسنے کے واقعات پیش آئے ہیں جس کے نتیجے میں مقامی لوگوں میں خوف و ہراس پیدا ہوگیا ہے ۔

اوپی ڈی ٹکٹ

ضلع ہسپتال کولگام میں مریضوں کو غیر مجاز OPD ٹکٹ جاری کرنے کا ایک سکینڈل طشت از بام ہوگیاہے ۔ہسپتال انتظامیہ کو جیسے ہی اس بات کی بھنک لگ گئی تو اس نے فوراً پولیس کو مطلع کیا۔ پولیس کارروائی میں ہسپتال کے نزدیک ہی کام کرنے والے 2 دوافروشوں کی گرفتاری عمل میں لائی گئی ۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں ۔خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن News on AIR، WAVES اوٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں ۔ اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے ۔

GONG

عیدمیلاد

عید میلاد النبی ﷺ کی تقریبات کے سلسلے میں آج تاریخی خانقاہ معلی سرینگر میں ایک پُر وقار تقریب منعقد ہوئی ۔تقریب میں وادی کے اطراف و اکناف سے آئے ہوئے ہزاروں عقیدتمندوں نے شرکت کی ۔نماز ظہر سے قبل مولانا ریاض احمد ہمدانی نے وعظ فرمایا جس دوران انہوں نے پیغمبر آخرالزماں ﷺ کی ولادت باسعادت اوران کی سیرت پاک کے کئی پہلوؤں کو اجاگر کیا۔مولانا خورشید آحمد قانون گو نے بھی اس موقعہ پر سیرت نبی ﷺ پر روشنی ڈالی جبکہ اس موقعہ پر مولانا شوکت حسین کینگ اور دیگر علمائے کرام بھی موجود تھے ۔میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں ایسی ہی تقاریب کا انعقاد خانقاہ فیض پناہ ترال، ڈوروشاہ آباد، سوپور، سیر ہمدان، چرارشریف، کھاگ، نوبرا، خانقاہ اول وچی، کیموہ اور دیگر مقامات پر بھی ہوا۔

افتتاح

پولو گراؤنڈ سرینگر میں **Waste to Wonder Flower Garden** کا کل افتتاح کیا جا رہا ہے۔ تین **R** یعنی **Reduce , Reuse** اور **Recycle** کے اصول پر قائم کیا گیا یہ گارڈن نہایت مہارت کے ساتھ پھینکی گئی چیزوں کو باغ میں استعمال ہونے والی مصنوعات میں تبدیل کرتا ہے۔ قابل ذکر ہے کہ پرانے میٹریئل کا **90** فیصد حصہ محکمہ پھولبانی کے اپنے باغات سے حاصل کردہ ہے جو اسے ایک نئی جہت دے رہا ہے۔ یہ پہل لوگوں کو اچھی طرح سے یہ باور کرا رہی ہے کہ کچرا کسی چیز کا اختتام نہیں ہوتا بلکہ اس سے بھی دلچسپ چیز بنائی جا سکتی ہے۔ اس سلسلے میں ڈائریکٹر فلوریکلچر کشمیر مطہورہ معصوم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

**------Mat hoora-------**

چنار پریمیئر لیگ

بارہمولہ میں کھیلی جا رہی چنار پریمیئر لیگ **2026** ناک آؤٹ مرحلے میں داخل ہو گئی ہے۔ ناک آؤٹ مرحلے کا افتتاح آج چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کیا، جبکہ اس موقعہ پر محکمہ یوتھ سروسز اینڈ سپورٹ کے کمشنر سیکریٹری ڈاکٹر شاہد اقبال چودھری مہمان ذی وقار تھے۔ جنرل بپن راوت اسٹیڈیم بارہمولہ میں کھیلے گئے آج کے میچ کا لطف سکولی بچوں کے ساتھ ساتھ زائد از **6** ہزار لوگوں نے اٹھایا۔ میچ کا آغاز قومی گیت اور قومی ترانے کے ساتھ کیا گیا۔ افتتاحی میچ شیری بلاسٹرس اور ڈاؤن ٹاؤن بجبہاڑہ کے مابین کھیلا گیا۔ اس موقعہ پر فوج کی ڈیگر ڈویژ کے **GOC** میجر جنرل منوج جوشی اور ڈپٹی کمشنر بارہمولہ ڈاکٹر سید فخرالدین حامد بھی موجود تھے۔

بھرتی

فوج کی طرف سے اوڑی کے ملٹری سٹیشن میں آن لائن کامن اینٹرنس امتحان **2026** پاس کرنے والے امیدواروں کیلئے **14** ستمبر سے **20** ستمبر تک ریکروٹمنٹ ریلی کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ ریلی ایڈمٹ کارڈ **join Indian Army** ویب سائٹ سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔ کسی بھی وضاحت کیلئے امیدوار آرمی ریکروٹنگ آفس سرینگر کے ساتھ ای میل **arosrinagar123@gmail.com** یا فون نمبر **0194-2310164** پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

امت شاہ

وزیر داخلہ امت شاہ کی صدارت میں چنئی کے نزدیک مہابلی پورم میں جنوبی زونل کونسل کی 31 ویں میٹنگ منعقد ہوئی جس دوران سلامتی کے معاملات کے علاوہ مختلف ریاستوں کے درمیان پائے جانے والے بعض تنازعات پر تبادلہ خیال ہوا۔ ان موضوعات پر بات کرنے کیلئے جنوبی ریاستوں کے سینئر لیڈران اور سینئر افسروں نے میٹنگ میں شرکت کی۔ زونل کونسل کی میٹنگ دو یا دو سے زیادہ ریاستوں یا پھر مرکز اور ریاستوں کے درمیان پائے جانے والے تنازعات پر بات چیت کرنے کا ایک اہم پلیٹ فارم ہے۔

بھارت جاپان

بھارت اور جاپان نے دفاعی ٹیکنالوجی کی شراکت داری کو مزید مضبوط کرنے سے اتفاق کیا ہے۔ نئی دلی میں منعقدہ بھارت اور جاپان کے وزرائے دفاع کی میٹنگ کی صدارت وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور جاپان کے اُن کے ہم منصب **Shinjiro Koizumi** نے مشترکہ طور پر کی۔ بات چیت کی اہم توجہ سمندری سلامتی، میک اِن انڈیا، دفاعی ٹیکنالوجی اور تزویراتی اعتماد کو وسعت دینے پر مرکوز رہی۔ دونوں ممالک نے سمندری سلامتی کے اشتراک کے بارے میں مفاہمت کی ایک یادداشت پر دستخط کئے۔ اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا کہ بھارت اور جاپان کے تعلقات کی بنیاد مشترکہ جمہوری اقدار، باہمی احترام اور سالہا سال کے تہذیبی ربط میں مضمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگلے سال دونوں ممالک اپنے سفارتی تعلقات کی 75 ویں سالگرہ بھی منائیں گے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔ سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 29 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 21 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 29.7 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23.8 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 5 بجکر 56 منٹ اور غروب آفتاب شام 7 بجکر 11 منٹ پر ہوگا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ۔